شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

17 اگست 2023ء

پریس ریلیز

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مہنگائی کا طوفان برپا کردے گا۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مہنگائی کا طوفان برپا کردے گا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ عوام کی زندگی پہلے ہی گرانی سے اجیرن ہو چکی تھی مزید مہنگائی عوام کے لیے ہلاکت خیز ثابت ہوگی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نگران حکومت نے عوام کی زندگی کو اجیرن بنانے کی سابقہ پالیسی کو مزید بڑھوتری دینے کی ٹھان لی ہے۔ اس وقت عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں کم ہوئی ہیں لہٰذا ضرورت اس امر کی تھی کہ پیٹرول کی قیمت کم کر کے عوام کو ریلیف دیا جاتا پھر یہ کہ روس سے درآمد شدہ خام تیل بھی سستے داموں خریدا گیا لیکن اس کا کوئی فائدہ عوام تک منتقل نہیں کیا جارہا۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمارا اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم IMF کے ساتھ طے کردہ سخت ترین شرائط میں اس بُری طرح جکڑے جاچکے ہیں کہ ہم کوئی فیصلہ اپنی آزاد مرضی اور عوامی مفاد کے مطابق نہیں کر پا سکتے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمیں IMF کے پروگرام کی بحالی اور توسیع پر جشن منانے کی بجائے اس بات پر غور کرنا ہوگا کہ خارجی اور داخلی سطح پر مکمل طور پر خود مختار ہونے کے لیے ہم IMF کی غلامی سے کس طرح نکل سکتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اپنی ملکی و ملی خود مختاری کو بحال کرنے کے لیے ہمیں زبردست جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے جس کے لیے ساری قوم کو قربانی دینے کے لیے تیار رہنا ہوگا اور قومی سطح پر کفایت شعاری کی ضرورت ہے لیکن اس میں حکومتی افراد اور دیگر اداروں کو پہل کرنا ہوگی۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر ہم نے قائداعظم کے فرمودات پر عمل کر کے اپنی معیشت کو اسلامی بنیادوں پر استوار کیا ہوتا تو آج سامراج کے بنائے ہوئے IMF جیسے اداروں کے محتاج نہ ہوتے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

امیر تنظیم :
شجاع الدین شیخ
بانیٔ تنظیم :
ڈاکٹر اسرار احمدؒ

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 17 August, 2023

"The price hike of petroleum products will result in rampant inflation."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The price hike of petroleum products will result in rampant inflation. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that the state of the masses is destitute as is, further inflation will only increase their ruin. It almost seems as if the caretaker government is insistent on furthering the former policy of rendering the lives of the people miserable. Recently, crude oil prices in the international market have seen a decrease, thus it was imperative that the public should have been provided relief by lowering the price of petrol, added to the fact that crude oil from Russia was acquired at cheaper rates, but no benefit as a result of this development trickled down to the masses either. He emphasized that our actual dilemma is that we are severely clenched in the trap of the agreements with the IMF on such harsh terms that we are simply unable to make any decisions which are out of our own volition or which prioritize public benefit. He said that instead of celebrating the resumption and expansion of the IMF program, we must concentrate on strategizing a plan to become fully independent externally and internally, and liberate ourselves from the subjugation. He then said that we will have to wage a mighty struggle to attain self-subsistence on the state and national level, for which the entire nation must be prepared to sacrifice, alongside practicing austerity on a wide scale, which must be adopted by government personnel and state institutions first and foremost. He reminded the nation that if we had acted upon the sayings of Quaid-e-Azam and established our economy on the basis of Islamic principles, we would not need to depend on imperialistic institutions such as the IMF today.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan